السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جس طرح ایک بیل یا ایک گائے سے سات قربانیاں کی جاسکتی ہیں، کیا اسی طرح ہم تین بیٹوں اور ایک بیٹی کے لئیے عقیقہ کر سکتے ہیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

بڑے جانور سے عقیقہ کرنے کے بارے اہل علم کے ہاں دو قول پائے جاتے ہیں۔ جن کے نزدیک بڑے جانور سے عقیقہ کیا جاسکتا ہے ان کے نزدیک ایک گائے یا بیل سات بکریوں کے برابر ہوتے ہیں، اور ان سے تین بیٹوں اور ایک بیٹی کا عقیقہ کیا جاسکتا ہے۔ لیکن یہ قول مرجوح ہے۔

اور راجح قول کے مطابق عقیقہ میں لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری ذبح کی جائے۔ کیونکہ حدیث مبارکہ میں شاۃ کا لفظ آیا ہے جو صرف بھیڑ اور بکری کی جنس پر بولا جاتا ہے۔ گائے اور اونٹ شاۃ میں شامل نہیں ہیں۔ لہذا بڑے جانور کو ایک لڑکے یا لڑکی کے عقیقہ میں بھی ذبح نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی چھ سات لڑکے لڑکیوں کے عقیقہ میں ذبح کیا جاسکتا ہے اونٹ اور گائے کے عقیقہ کے متعلق سیدنا انس سے جو روایت پیش کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بچوں کے عقیقہ میں اونٹ کیا کرتے تھے، وہ ضعیف ہے۔ اس میں ایک راوی قتادہ مشہور و معروف مدلس موجود ہیں۔ جبکہ اس کے مقابلہ میں شاۃ والی صحیح روایت موجود ہے۔ جس میں بڑے جانور کے عقیقے سے منع بھی کیا گیا ہے۔

أَخبرَنَا یُوسُفُ بْنُ مَاہَکَ قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا، وَابْنُ مُلَیْکَةَ عَلَی حَفْصَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَکْرٍ، وَوَلَدَتْ لِلْمُنْذِرِ بْنِ الزُّبَیْرِ غُلَامًا، فَقُلْتُ: «ہَلَّا عَقَقْتِ جَزُورًا عَلَی ابْنِکِ»، فَقَالَتْ: مَعَاذَ اللَّہِ کَانَتْ عَمَّتِي عَائِشَةُ، تَقُولُ: «عَلَی الْغُلَامِ شَاتَانِ، وَعَلَی الْجَارِیَةِ شَاةٌ» [مصنف عبد الرزاق: 328/4]۔

علامہ البانی رحمہ اللہ اس روایت کے بارے میں فرماتے ہیں: وإسنادہ صحیح [سلسلة الأحادیث الصحیحة (8/1)

اس روایت سے ثابت ہوتا ہے کہ عقیقہ میں بڑا جانور نہیں کرنا چاہئے۔

اسی طرح عقیقہ کے جانور کے لیے مسنہ (دو دانتا یا اس کے اوپر والا) ہونا کوئی لازمی نہیں بعض اہل علم اضحیہ قربانی پر قیاس کرتے ہیں اور مسنہ کو لازمی قرار دیتے ہیں لیکن نص میں شاتان اور شاۃ عام ہیں مسنہ اور غیر مسنہ دونوں کو شامل ہیں تو نص مقدم ہے لہذا عقیقہ میں مسنہ لازمی نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی